آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

رجسٹرڈ نمبر 243

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر
احسان احمد سحر

ایڈیٹر
محمد سلیمان فاروقی

منیجنگ ایڈیٹر
انجم النساء بخاری

ٹیلیفون نمبر 062-2508053
موبائل 0301-7740405

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 16 | اتوار 19 جون 2022ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 101

حکومت کرنے کا موقع ملا تو پاکستان کو 110 سو ڈگری بدلوں گا، آصف علی زرداری

وعدہ کرتا ہوں انشاءاللہ آئندہ حکومت پیپلز پارٹی کی ہوگی، پورا اشیئر لیں گے، اب پنجاب میں بیٹھوں گا اور سب سے ملکر کام کروں گا' یہ کہنا پنجاب اور گلگت بلتستان میں پیپلز پارٹی ختم ہوگئی ہے، سفید جھوٹ ہے

ہم نے اپنی سیاست کمزور کر کے پاکستان بچانے کی کوشش کی، انوکھے لاڈلے کی چار سالہ پالیسیوں کے باعث آج مہنگائی ہے، یہ ہماری کب سنتے ہیں، جب ضرورت پڑتی ہے تب سنتے ہیں' سابق صدر

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین اور سابق صدر آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ حکومت کرنے کا موقع ملا تو پاکستان کو 110 ڈگری بدلوں گا۔ سابق صدر نے لاہور میں بلاول ہاؤس میں پیپلز پارٹی کے عہدیداروں اور کارکنوں سے ملاقات کی۔ ملاقات میں رانا فاروق سعید، ثمینہ گھرکی، اسلم گل، اسرار الحق بٹ، چودھری اشرف، فیصل میر، حاجی عزیز

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مکہ معظمہ بلدیہ کے 22,000 رضا کار حجاج کرام کی خدمت پر مامور

ریاض (یو این پی) سعودی عرب کے

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اعلیٰ عدلیہ میں ججز کی تعیناتی کا موثر طریقہ کار ہونا چاہیے، جسٹس مقبول باقر

جوڈیشل کمیشن میں جونیئر کی تعیناتی سے بار زاور وکلاء میں تشویش ہے

بینچز کی تشکیل اور کیسز کی سماعت کا شفاف طریقہ ہونا چاہیے، خطاب

کراچی (یو این پی) جسٹس ریٹائرڈ مقبول باقر نے کہا ہے کہ ہر ایک کا کردار ریکارڈ پر ہے، دھونس اور دھمکی زیادہ نہیں چلے گی۔ سندھ ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن سے خطاب کرتے ہوئے جسٹس (ر) مقبول باقر نے کہا کہ 2007 میں پی سی او کے تحت حلف لینے سے انکار کیا، عدلیہ بحالی کے بعد بار اور بینچ میں تعلق مضبوط ہوا۔ انہوں نے

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حمزہ شہباز کا تاجر برادری سے مشاورت کے بعد بڑا فیصلہ

پنجاب میں مارکیٹیں، بازار اور کاروباری مراکز 9 بجے بند کرنے کا اعلان

پنجاب بھر میں ریسٹورنٹس رات ساڑھے 11 بجے تک کھلے رہیں گے۔ شادی ہالز سابق پالیسی کے تحت رات 10 بجے تک کھل سکیں گے

وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف پنجاب بھر کی تاجر برادری کے عہدیداران کے نمائندہ وفد سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کر رہے ہیں۔

لاہور (بیورو چیف) وزیراعلیٰ پنجاب محمد حمزہ شہباز شریف نے توانائی کی بچت کے لئے صوبہ بھر کی تاجر برادری کے عہدیداروں کے نمائندہ وفد کے ساتھ مشاورت کے بعد صوبہ بھر کی مارکیٹیں، بازار اور کاروباری مراکز رات 9 بجے بند کرنے کا

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

گلگت بلتستان میں سیاحت کے وسیع مواقع موجود ہیں، ڈاکٹر عارف علوی

گلگت بلتستان میں سیاحت اور دیگر میدان میں وسائل کے مقابلے میں ہنرمند افراد کی قلت ہے

اسلام آباد (یو این پی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان ہر لحاظ سے پاکستان کا ایک ذرخیز خطہ ہے، یہاں سیاحت کے

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بین الاقوامی کمپنی کی ریلوے نظام میں جدت کیلئے تعاون کی پیشکش

امریکا میں پاکستانی سفیر مسعود خان سے ریل کمپنی و پبلک کے وفد کی ملاقات

اسلام آباد (یو این پی) امریکا میں پاکستانی

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پنجاب کے تاجروں کا بازار جلد بند کرنے کیخلاف شٹر ڈان ہڑتال کا اعلان

پنجاب کے تاجروں نے 9 بجے بازار بند کرنے کے فیصلہ کو مسترد کرتے ہوئے 8 جولائی کو شٹر ڈان ہڑتال کی کال دے دی

حکومت فیصلہ واپس دے معاشی قتل عام نہیں ہونے دیں گے' آل پاکستان انجمن تاجران اور قومی تاجر اتحاد

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب کے تاجروں نے 9 بجے بازار بند کرنے کے فیصلہ کو مسترد کرتے ہوئے 8 جولائی کو شٹر ڈان ہڑال کی کال دے دی ہے، تاجر برادری کا کہنا ہے کے حکومت فیصلہ واپس دے معاشی قتل عام نہیں

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایف اے ٹی ایف کے ایکشن پلانز پر عملدرآمد مکمل

پاکستان گرے لسٹ سے نکلنے کیلئے ایک قدم کی دوری پر ہے' حنا ربانی کھر

اسلام آباد (یو این پی) وزیر مملکت برائے خارجہ امور حنا ربانی کھر نے کہا ہے کہ گذشتہ روز برلن جرمنی میں ایف اے ٹی ایف کا جائزہ اجلاس ختم ہوگیا۔ اس موقع پر ایف اے ٹی ایف کے انٹر

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

لگژری اشیا پر پابندی، پٹرولیم نرخوں میں اضافہ اسمگلنگ بڑھنے کا خدشہ

ہمسایہ ملک سے بلوچستان کے راستے اسمگلنگ بڑھ سکتی ہے، کسٹمز کا الرٹ جاری

کراچی (یو این پی) پاکستان میں لگژری

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کراچی سے خیبر تک بارش، گرمی کا زور ٹوٹ گیا، شہریوں کے چہرے کھل اٹھے

ممکنہ بارشوں اور موسمی حالات کے باعث گلگت بلتستان میں سیلابی صورتحال کا خدشہ، الرٹ جاری

اسلام آباد (یو این پی) ملک کے

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

احمد پور شرقیہ میں ایس ڈی پی او پولیس کی پوسٹ گزشتہ دو ہفتہ سے خالی

دو ہفتہ قبل ڈی ایس پی آصف رشید کا یہاں سے تبادلہ ہونے کے بعد یہ سیٹ ابھی تک خالی پڑی ہوئی ہے

تاحال کسی نئے ڈی ایس پی کی تعیناتی یہاں عمل میں نہ آئی ہے، جس سے سائلین کو سخت مشکلات کا سامنا ہے

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) احمد پور شرقیہ میں ایس ڈی پی او پولیس کی پوسٹ گزشتہ دو ہفتہ سے خالی، سائلین کو پریشانی کا سامنا۔ تفصیل کے مطابق احمد پور شرقیہ تحصیل کا پولیس سرکل سات تھانوں پر مشتمل ہے۔ اور اس کا شمار پنجاب کے بڑے سرکل میں ہوتا ہے۔ دو ہفتہ قبل ڈی ایس پی آصف رشید کا یہاں سے تبادلہ ہونے کے بعد یہ سیٹ ابھی تک خالی پڑی ہوئی ہے۔ اور تاحال کسی

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

آج مہنگائی کیخلاف چوک منیر شہید پر بھرپور احتجاج کیا جائیگا

تمام پی ٹی آئی احمد پور شرقیہ کے ورکرز اور عوام اس احتجاج میں شرکت کریں' ساجد سراج جلوانہ ایڈووکیٹ

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) ساجد سراج جلوانہ ایڈووکیٹ، سینئر رہنما پی ٹی آئی احمد پور شرقیہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی احمد پور شرقیہ کی طرف سے بروز اتوار رات 9 بجے امپورٹڈ حکومت کی طرف سے پیٹرول گیس اور بجلی کی قیمت میں اضافہ اور مہنگائی کے خلاف چوک منیر شہید پر بھرپور احتجاج کیا جائے گا تمام پی ٹی آئی احمد پور شرقیہ کے ورکرز اور عوام اس احتجاج میں شرکت کریں۔

حمزہ شہباز نے اسلامیہ یونیورسٹی کے بارشوں میں اضافے پر اجیکٹ کی اصولی منظوری دیدی

اس منصوبے پر عملدرآمد سے چولستان میں بارش کی شرح میں 500 ملی میٹر تک اضافہ ہوگا جس سے 6.5 ملین ایکٹر رقبے پر خصوصی ایگرو اکنامک زون قائم ہو سکے گا خصوصی آن لائن اجلاس میں وزیراعلیٰ پنجاب اور صوبائی سیکرٹریز نے شرکت کی

جبکہ بہاول پور سے وائس چانسلر انجینئر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب، کمشنر بہاول پور راجہ جہانگیر انور، ڈپٹی کمشنر عرفان علی کاٹھیا اور دیگر افسران شریک تھے

بہاولپور (پ ر) حمزہ شہباز نے اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے بارشوں میں اضافے کے پراجیکٹ کی اصولی منظوری دے دی۔ اس سلسلے میں خصوصی آن لائن اجلاس میں وزیراعلیٰ پنجاب اور صوبائی سیکرٹریز نے شرکت کی جبکہ بہاول پور سے وائس چانسلر انجینئر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب، کمشنر بہاول پور راجہ جہانگیر انور، ڈپٹی کمشنر عرفان علی کاٹھیا اور دیگر افسران شریک تھے۔ وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور انجینئر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب نے آن لائن اجلاس میں وزیراعلیٰ پنجاب کو خصوصی موسمیاتی نظام کے ذریعے چولستان میں بارشوں میں اضافے کے منصوبے سے متعلق تفصیلی آگاہ کیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے بڑھتی ہوئی آبادی اور میٹھل فوڈ سیکورٹی کے تناظر

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور انجینئر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب اور کمشنر بہاول پور راجہ جہانگیر انور، وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز کی زیر صدارت چولستان میں بارش میں اضافے کے موسمیاتی نظام کی ٹیکنالوجی سے متعلق آن لائن اجلاس میں شریک ہیں۔

تاریخ ساز مہنگائی نے عوام کی زندگی مشکل کردی، حاجی چوہدری نعیم الدین وڑائچ

حاصل پور (نمائندہ خصوصی) پاکستان میں اس وقت تاریخ ساز مہنگائی نے عوام کی زندگی مشکل کر دی ہے۔ موجودہ حکومت وعدے کے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نصابی و ہم نصابی سرگرمیاں نوجوانوں کی صلاحیتوں کو جلا بخشتی ہیں

کمشنر راجہ جہانگیر انور

بہاول پور ڈویژن کے سپوتوں نے ہمیشہ ملکی و بین الاقوامی سطح پر ملک وملت کا نام روشن کیا ہے کمشنر کا ساتھ پنجاب انٹر ڈسٹرکٹ فٹ بال ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب

بہاول پور: کمشنر بہاول پور ڈویژن راجہ جہانگیر انور کا جنوبی پنجاب انٹر ڈسٹرکٹ فٹ بال ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب کے موقع پر کھلاڑیوں اور منتظمین کے ہمراہ گروپ فوٹو، ڈپٹی کمشنر بہاول پور عرفان علی کاٹھیا بھی ہمراہ ہیں۔

بہاول پور (پ ر) کمشنر بہاول پور ڈویژن راجہ جہانگیر انور نے کہا ہے کہ نصابی و ہم نصابی سرگرمیاں نوجوانوں کی صلاحیتوں کو جلا بخشتی ہیں اور ان کی زندگی میں ہر قسم کے حالات کا زندہ دلی سے سامنا کرنے کا حوصلہ پیدا ہوتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈرنگ اسٹیڈیم بہاول پور میں ساتھ پنجاب انٹر ڈسٹرکٹ فٹ بال ٹورنامنٹ کا افتتاح کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر بہاول پور عرفان علی کاٹھیا، ڈویژنل سپورٹس آفیسر مقصود الحسن جاوید، ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر محمد عامر حمید، آرگنائزنگ سیکرٹری شیخ محمد اقبال الرحمن اور محمد ارشاد علی قریشی سمیت دیگر

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

لمپی وائرس میں مبتلا ہو کر مویشی پال افراد کے لاکھوں روپے مالیت کے قیمتی جانوروں کی اموات کا سلسلہ جاری

نواحی علاقے میں ایک اور گائے متاثر ہو کر لقمہ اجل بن گئی

مویشی پال افراد شدید پریشان، محکمہ لائیو اسٹاک کی غفلت ولاپرواہی سے تشویش میں مبتلا

اوچ شریف (پ ر) اوچ شریف کے نواحی علاقوں میں جانوروں کی مہلک بیماری لمپی

بقیہ نمبر 30 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

افغانستان میں سکھوں کی عبادت گاہ میں دھماکہ، ہلاکتوں کی اطلاعات

کابل (یو این پی) افغانستان کے دارالحکومت کابل میں ہفتہ کی صبح سکھ برادری کی

بقیہ نمبر 31 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پشاور ایئرپورٹ سے منشیات سعودی عرب اسمگل کرنے کی کوشش ناکام، ملزم گرفتار

پشاور (یو این پی) ایئرپورٹس سیکیورٹی فورس

بقیہ نمبر 29 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

فوجی ساز وسامان کا بھاری نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے، یوکرینی فوج

کیف (یو این پی) یوکرین کی فوج کے ایک

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اوچ شریف: اوچ شریف کے نواحی علاقوں میں جانوروں کی مہلک بیماری لمپی وائرس میں مبتلا ہو کر مویشی پال افراد کے لاکھوں روپے مالیت کے قیمتی جانوروں کی اموات کا سلسلہ جاری۔

یوٹیلیٹی سٹورز پر کئی ہفتوں سے گھی آٹا چینی اور دالیں نایاب

عوام یوٹیلیٹی سٹورز پر ریلیف کی اشیا خوردونوش کے حصول کیلئے مارے مارے پھرنے لگے

حاصل پور (نمائندہ خصوصی) وفاقی حکومت کے زیر سایہ چلنے والے حاصل پور کے یوٹیلیٹی سٹورز پر کئی ہفتوں سے گھی آٹا چینی اور دالیں

بقیہ نمبر 28 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حاصل پور میں دو ہفتوں سے پینے کے پانی کی بندش سے پورا شہر منی کربلا کا منظر پیش کرنے لگا

زمینی پانی کڑوا اور ناقابل استعمال ہونے کی وجہ سے پینے کے پانی کی بوند بوند کو ترس گئے

حاصل پور (نمائندہ خصوصی) حاصل پور

بقیہ نمبر 27 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کھاد کی دستیابی اور مقرر کئے گئے نرخ 1950/- روپے پر فروخت کو یقینی بنایا جائے ڈپٹی کمشنر عرفان علی کاٹھیا

کھاد ڈیلرز کھاد کے نرخ نامے نمایاں جگہ پر آویزاں کریں زرعی کھادوں کے گوداموں کا اعلان کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر کی ہدایت

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاول پور عرفان علی کاٹھیا کی زیر صدارت دفتر کے کمیٹی روم میں کھاد کی فروخت کے بارے میں اجلاس منعقد ہوا جس میں کھاد ڈیلرز، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت) توسیع (حافظ محمد شفیق اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت) توسیع (طارق جاوید سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر بہاول پور نے کہا کہ کھاد کی دستیابی اور مقرر

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور: ڈپٹی کمشنر عرفان علی کاٹھیا زرعی کھادوں کی مقررہ نرخوں پر فروخت اور وافر مقدار میں دستیابی کے حوالہ سے منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

4 سال سے بیٹی کی تلاش میں سرگرداں شمیم آباد کی رہائشی

محنت کش غریب خاتون میڈیا ہاس پہنچ گئی

4 سال قبل اپنی بیٹی ام ب ل ب کی شادی علاقے کے رہائشی نسیم عباس سے کر دی جو شادی کے ایک ماہ بعد میری بیٹی کو لیکر روزگار کے سلسلے میں کراچی چلا گیا

7 ماہ بعد اکیلا واپس آیا جب میں نے اس سے اپنی بیٹی کے بارے میں پوچھا تو اس نے کہا کہ وہ والدین سے ملنے کا کہہ کر پہلے ہی واپس روانہ ہوگئی تھی

اوچ شریف (نامہ نگار) 4 سال سے بیٹی کی تلاش میں سرگرداں شمیم آباد کی رہائشی محنت کش غریب خاتون میڈیا ہاس پہنچ گئی، حکومت وقت سے بیٹی کی تلاش کا مطالبہ۔ تفصیل کے مطابق اوچ شریف کے علاقے شمیم آباد کی رہائشی غریب

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

قائمہ کمیٹی برائے خزانہ نے نان فائلر پر گاڑیوں کی رجسٹریشن کا ٹیکس 100 فیصد بڑھانے کی تجویز منظور کر لی

اسلام آباد (یو این پی) قائمہ کمیٹی برائے خزانہ نے نان فائلر پر گاڑیوں کی رجسٹریشن کا ٹیکس 100 فیصد بڑھانے کی تجویز منظور کر لی۔ سینیٹ

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اتوار کے احتجاج میں آئندہ کے لائحہ عمل کا فیصلہ کرینگے عمران خان

لٹیروں نے اپنی تجوریاں بچانے کیلئے ملک گروی رکھ کر عوام پر مہنگائی کا عذاب نازل کر دیا، اپنے لوگوں پر دن دیہاڑے ظلم برداشت نہیں کرینگے

کل کے احتجاج میں قوم کے ساتھ ملکر آئندہ کے لائحہ عمل کا فیصلہ کریں گے' پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ لٹیروں نے اپنی تجوریاں بچانے کیلئے ملک گروی رکھ کر عوام پر مہنگائی کا عذاب نازل کر دیا، اپنے لوگوں پر دن دیہاڑے

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

موضع ذخیرہ سمہ سٹہ میں 15 سالہ بچے کے ساتھ زیادتی

سمہ سٹہ (نامہ نگار) موضع ذخیرہ سمہ سٹہ میں 15 سالہ بچے کے ساتھ زیادتی محکمہ جنگلات کے ملازم نے دونوں کو پکڑ کر حوالہ پولیس کر دیا تفصیل

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سمہ سٹہ 11 سالہ بچی واپڈا کی 11 ہزار وولٹیج کی تاروں سے بری طرح جھلس گئی

سمہ سٹہ (نامہ نگار) سمہ سٹہ 11 سالہ بچی کرن اختر گھر کے اوپر چھت پر جھولتی واپڈا کی 11 ہزار وولٹیج کی تاروں سے بری طرح جھلس گئی اہل

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اے ایس ائی حضور بخش کے جواں سالہ بیٹے کی قل خوانی ادا کر دی گئی

علامہ سراج احمد سعیدی نے مرحوم کے درجات کی بلندی کیلئے خصوصی دعا کرائی

اوچ شریف (نامہ نگار) اوچ شریف کے رہائشی پنجاب پولیس کے اے ایس ائی حضور بخش کے جواں سالہ بیٹے عاقب خان مرحوم کی قل خوانی ادا کر دی گئی جس میں رہنما پیپلز پارٹی و سابق امیدوار صوبائی اسمبلی مخدوم سید عامر علی شاہ، ایس ایچ او ظاہر پیر اسد اللہ خان مستوئی، حافظ جمیل لنگاہ، شیخ ہارون میاں، میاں عامر صدیقی خواجہ

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اوچ شریف: اے ایس آئی حضور بخش خان کے بیٹے کی روح کے ایصال ثواب کے لیے منعقدہ قل خوانی میں سیاسی سماجی اور صحافتی شخصیات شریک ہیں

پوسٹ مین شمس دین نیازی گزشتہ روز ریٹائرڈ ہو گئے

پوسٹ ماسٹر پرویز اقبال خان اور عملہ نے انکے اعزاز میں الوداعی تقریب کا اہتمام کیا

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) پوسٹ مین شمس دین نیازی مدت ملازمت پوری ہونے کے بعد گزشتہ روز ریٹائرڈ ہو گئے۔ اس موقع پر پوسٹ

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

احمد پور شرقیہ۔ تحریک منہاج القرآن ضلع بہاولپور B احمد پور شرقیہ کے کارکنان شہدا ماڈل ٹاؤن کے انصاف کے حصول کے لیے احتجاجی مظاہرہ کرتے ہوئے۔

ماڈل ٹان کے شہدا کا خون رائیگاں نہیں جانے دینگے

نہ شہدا کے ورثا کو انصاف کی فراہمی تک چین سے بیٹھیں گے ڈاکٹر عبدالحمید ثاقب

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) ماڈل ٹان کے شہدا کا خون رائیگاں نہیں جانے دینگے اور نہ شہدا کے ورثا کو انصاف کی فراہمی تک چین سے بیٹھیں گے۔ ان خیالات کا اظہار ڈاکٹر عبدالحمید ثاقب صدر تحریک منہاج القرآن ضلع

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

میپکو سب ڈویژن ون کے کلرک چوہدری محمود احمد کا تبادلہ

تبادلہ چنی گوٹھ سب ڈویژن واپڈا کر دیا گیا

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) میپکو سب ڈویژن ون کے کلرک چوہدری محمود احمد کا تبادلہ چنی گوٹھ سب ڈویژن واپڈا کر دیا گیا ہے۔ جبکہ ان

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

چنی گوٹھ: ترنڈہ تا مظفر گڑھ روڈ پر بس اور ٹریلر میں تصادم۔

ترنڈہ محمد پناہ تا مظفر گڑھ روڈ پل بھلکا کے قریب مسافر بس اور ٹریلر میں تصادم

تین افراد زخمی کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

چنی گوٹھ (نامہ نگار) ترنڈہ محمد پناہ تا مظفر گڑھ روڈ پل بھلکا کے قریب مسافر بس اور ٹریلر میں تصادم جس کے نتیجے میں ریسکیو ٹیموں کے

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایفا سکول سسٹم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

نرسری تا نہم

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج قینچی موڑ احمد پور

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

نرسری تا پنجم

دی ایجوکیٹرز

بیکن ہاؤس سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

بوائز اینڈ گرلز

احمد پور سکول

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

بی ایڈ، ایل ایل بی، ایم اے 0300-8688787

القادریہ پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(PEF-EVS) پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن

احمد پور شرقیہ کا قدیم سکول 1995ء سے قائم شدہ

Ph.0300-8155716

تحصیل کا پہلا واؤچر سکول جس میں داخلے پر (آپ کے بچے کی مکمل تعلیمی فیس گورنمنٹ ادا کریگی)

(PEF) اپنی واؤچر سکیم کے تحت نرسری سے ایف۔اے تک مفت تعلیم، مفت کتابوں کی سہولیات فراہم کرتا ہے

- خوبصورت بلڈنگ
- صاف ستھرا ماحول
- ہر بچے پر خصوصی توجہ
- بچوں کے جھولے
- دینی تعلیم، قرآن مجید، تفسیر، حدیث کی تعلیم
- لائبریری
- کمپیوٹر لیب

مفت تعلیم	مفت کتابیں	اعلیٰ تعلیم یافتہ اساتذہ

القادریہ پبلک سکول نزد حکیم حسنین کلینک ریلوے روڈ احمد پور شرقیہ

حکیم محمد حسنین چوہان

ماہر امراض معدہ

ماہر امراض مخصوصہ

احمد پور شرقیہ کے سینئر کوالیفائیڈ حکیم

فارغ التحصیل گورنمنٹ کالج بہاولپور

فارغ التحصیل انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد

ماہر نباض، نبض دکھائیں، مرض حکیم صاحب خود بتاتے ہیں

امراض معدہ، معدہ آنتوں میں زخم، السر، ورم، معدہ آنتوں کی سوزش، قبض، پیچس، جوڑوں کا درد، شوگر کا یقینی خاتمہ، گردے مثانے کی پتھری بذریعہ دوائی اخراج، سستی، نامردی، جریان، احتلام، بانجھ پن، اولاد کا یقینی ہونا، الرجی، دمہ، ٹائیفائیڈ بخار اور ہر قسم کے مرض کے علاج کیلئے تشریف لائیں

ایڈریس: حسنین کلینک ریلوے روڈ احمد پور شرقیہ 0300-8155716

پنجاب کالج احمد پور شرقیہ

F.SC	F.A	I.C.S	I.COM

(PEF-EVS) پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن

قینچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

آپ کے معیار کے مطابق ہر قسم کی بہترین ورائٹی

نیو نشاط

ایک دام

کلاتھ ہاؤس

ڈیلر، گل احمد، الکرم، ڈینسٹی، فردوس کی تمام ورائٹی دستیاب ہے۔

تحصیل بازار احمد پور شرقیہ

پروجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

میاں محمد عمر

0331-7567242

ہر موسم کی تمام معیاری کمپنیوں کی گارمنٹس ورائٹی

بابا، بے بی، لیڈیز اینڈ جینٹس،

آپ کے ذوق کے عین مطابق دستیاب ہے

نشاط آؤٹ فٹ

ڈیلر، آکسفورڈ، بونیزہ

ایک دام

جنگو پلازہ

ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پراجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

ورائٹی اور معیار ہماری پہچان

نشاط فیبرکس

ایک دام

ڈیلر، گل احمد، الکرم، ڈینسٹی، فردوس کی تمام ورائٹی دستیاب ہے۔

بالمقابل رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پروجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

حافظ محمد بلال

0332-6263802

منفرد اور زندہ تحریروں کا شاہکار

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاول پور

تازہ ترین خبروں اور بے لاگ تبصروں کے ساتھ ہر روز آپ کی خدمت میں مقامی، ملکی اور بین الاقوامی مسائل پر جاندار تبصروں ہلکے پھلکے طنز و مزاح، باتصویر، فیچروں منہ بولتے واقعات چیختی چلاتی کہانیوں، منظومات، غزلیات، معیاری مضامین

اور چونکا دینے والا نت نئے انکشافات کیلئے

ہر شمارہ ..... دلچسپ شمار

نوائے احمد پور شرقیہ پڑھیے

نوائے احمد پور شرقیہ آپ کا اپنا اخبار ہے، پرچہ اپنے ہاکر سے طلب کیجئے

دفتر:

روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ، 246C سیٹلائٹ ٹاؤن بلاک Z احمد پور شرقیہ

0301-7740405

صفحہ نمبر 01

الرحمن چن، افنان صادق بٹ، رانا بسیل منج، تنویر اشرف کائرہ، علامہ یوسف اعوان، صدر ڈسٹرکٹ تھری عاطف رفیق، امجد جٹ، حافظ غلام محی الدین، انجم بٹ، اشرف ہارا، اسلم گڑا، نسیم صابر، مدثر شاکر، مانی پہلوان، صداقت شیروانی، ایڈون سہوترا، روبینہ سہیل بٹ، نادیہ شاہ اور دیگر بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ وعدہ کرتا ہوں انشااللہ آئندہ حکومت پیپلز پارٹی کی ہوگی، پورا شیئر لیں گے، اب پنجاب میں بیٹھوں گا اور سب سے ملکر کام کروں گا۔انہوں نے کہا کہ یہ کہنا پنجاب اور گلگت بلتستان میں پیپلز پارٹی ختم ہوگئی ہے، سفید جھوٹ ہے، ہم نے اپنی سیاست کمزور کر کے پاکستان بچانے کی کوشش کی، انوکھے لاڈلے کی چار سالہ پالیسیوں کے باعث آج مہنگائی ہے، یہ ہماری کب سنتے ہیں، جب ضرورت پڑتی ہے تب سنتے ہیں، کارکنوں کو بحریہ ٹاؤن آنے میں مشکل ہوتی ہے، گلبرگ شفٹ ہو رہا ہوں، پنجاب میں بیٹھنا اور کارکنوں کو عزت دینی ہے۔لوگوں کو پتہ چلنا چاہیے پیپلز پارٹی کا صدر گلبرگ میں بیٹھا ہے۔اشرف ہارا کو پیپلز پارٹی میں شمولیت پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

صفحہ نمبر 02

کہا کہ اعلیٰ عدلیہ میں ججز کی تعیناتی کا موثر طریقہ کار ہونا چاہیے، جوڈیشل کمیشن میں جونیئر کی تعیناتی سے بار زاور وکلاء میں تشویش ہے، بینچز کی تشکیل اور کیسز کی سماعت کا شفاف طریقہ ہونا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ حساس مقدمات کی سماعت کیلئے آزاد ججز ہونے چاہیے، ججز کو وکلاء اور سائلین سے نرمی سے پیش آنا چاہیے۔جسٹس ریٹائرڈ مقبول باقر نے کہا کہ ملک انتہائی گھمبیر صورتحال میں گھرا ہوا ہے، کوئی طاقتور نہیں ہے، آئین، قانون اور پارلیمنٹ طاقتور ہیں۔انہوں نے کہا کہ 70 سال سے ہم مختلف تجربات کرتے رہے ہیں، اب بھی ہم نہیں بدلے تو ناقابل تلافی نقصان پہنچے گا۔

صفحہ نمبر 03

ہونے دیں گے۔آل پاکستان انجمن تاجران اور قومی تاجر اتحاد نے پنجاب کے بازار 9 بجے بند کرنے کے فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے ہڑتال کا عندیہ دیا تھا۔اس سے قبل وزیراعلی پنجاب کی جانب سے صوبے بھر کے بازار اور تجارتی مراکز رات 9 بجے جبکہ شادی ہالز 10 اور ریسٹورنٹس گیارہ بجے بند کرنے کا اعلان کیا گیا۔حکومت نے دعوی کیا کہ تاجروں کی مشاورت کے بعد توانائی بحران پر قابو پانے کے لیے بازار، شادی ہالز اور ریسٹورنٹس جلد بند کرنے کا اعلان کیا گیا۔دوسری جانب قومی تاجر اتحاد کے چیئرمین سپریم کونسل خواجہ اظہر گلشن نے کہا کہ فیصلے کیخلاف شدید احتجاج کریں گے، جلد بازار بند کرنے کے فیصلے سے مہنگائی کے مارے دکاندار دیوالیہ ہو جائینگے، پنجاب حکومت نے یہ غیر دانش مندانہ فیصلہ کیا ہے۔آل پاکستان انجمن تاجران کے صدر خالد پرویز نے کہا کہ فیصلے سے کاروبار شدید متاثر ہوں گے، عید الاضحیٰ قریب ہے، دکانداروں نے عید کیلئے مال خرید لیا ہے، حکومت دو ہفتے لوڈشیڈنگ برداشت کر لے کاروبار تباہ نہ کرے۔انجمن تاجران خالد پرویز اور مقصود بٹ گروپ نے جلد کاروبار بند کرنے کے فیصلے پر بھرپور احتجاجی تحریک چلانے کا عندیہ دیا اور حکومتی فیصلے کو احمقانہ، تاجروں کا معاشی قتل قرار دیا۔

صفحہ نمبر 04

مقدس دارالحکومت مکہ معظمہ کی میونسپلٹی نے اس سال حج کے سیزن کے لیے اپنے سروس پلان کی تیاری کی تفصیلات جاری کر دیں۔میڈیا رپورٹس کے مطابق میونسپلٹی کی طرف سے جاری بیان میں بتایا گیا کہ اس بار حجاج کرام کی خدمت کے لیے 22,000 سے زیادہ رضا کاروں پر مشتمل ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں۔ان کی ذمہ داریوں میں تمام میونسپل کام شامل ہیں۔ یہ رضا کار وزارت بلدیات، دیہی امور اور ہاؤسنگ کے فالو اپ کا حصہ ہیں۔مکہ معظمہ بلدیہ کے سرکاری ترجمان اسامہ الزیتونی نے بتایا مکہ سیکرٹریٹ کے ورک پلان میں تمام 16 ذیلی میونسپلٹی شامل ہیں جو تمام میونسپل سروسز میں کام کرتی ہیں۔ مقدس دارالحکومت کے سیکرٹریٹ کے ملازمین کی تعداد 3159 ہے۔اس کے علاوہ آپریٹنگ، مینٹیننس، لانڈنگ، صفائی ستھرائی اور سلاٹرنگ یونٹس کے 3600 ملازمین اور 500 ہیلتھ ورکرز اور عارضی مبصرین شامل ہیں۔ ان میں سے 14,000 سے زیادہ کو مکہ مکرمہ اور مشاعر مقدسہ میں تقسیم کیا جائے گا جب کہ 1250 رضا کاروں کو پبلک سیکیورٹی معاونین، مجاہدین اور ایکاٹس میں شامل کیا جائے گا۔

صفحہ نمبر 05

اعلان کر دیا ہے۔وزیراعلی پنجاب حمزہ شہباز نے کہا کہ پنجاب بھر میں ریسٹورنٹس رات ساڑھے 11 بجے تک کھلے رہیں گے۔شادی ہالز سابق پالیسی کے تحت رات 10 بجے تک کھل سکیں گے جبکہ ہفتے کو تاجر برادری کو کاروبار کے اوقات میں خصوصی رعایت دی جائے گی۔ میڈیکل سٹورز پر 9 بجے بندش کے فیصلے کا اطلاق نہیں ہوگا۔وزیراعلی حمزہ شہباز نے کہا کہ عید کی شاپنگ کے لیے اوقات کار کی پالیسی کا تاجر برادری سے مشاورت سے جائزہ لیا جائے گا اور ان کے مطالبے پر ہمدردانہ غور کیا جائے گا۔وزیراعلی حمزہ شہباز سے صوبہ بھر کے تاجر رہنماں اور نمائندوں نے اج ملاقات کی، پنجاب بھر کی تاجر برادری نے توانائی بحران میں حکومتی اقدامات کی بھرپور حمایت کا اعلان کیا اور انرجی سیونگ کیلئے حکومتی اقدامات کو سراہا۔ وزیراعلی پنجاب حمزہ شہباز نے کہا کہ تاجر برادری نے ہمیشہ مشکل وقت میں قوم کا ساتھ دیا ہے اور میں آج بھی حکومتی اقدامات کی غیر مشروط حمایت پر تاجر برادری کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔انہوں نے کہا کہ مشاورت میں برکت ہوتی ہے اور مشاورت سے کئے گئے فیصلوں کے ہمیشہ مثبت نتائج نکلتے ہیں۔معیشت کی بہتری کیلئے تاجر برادری کا کلیدی کردار ہے۔تاجر برادری کے جائز مسائل حل کریں گے۔ تاجر برادری کے عہدیداروں نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا اور تجاویز بھی پیش کیں۔خواجہ سلمان رفیق، خواجہ احمد حسان، رانا مشہود احمد، سید علی حیدر گیلانی، عطا تارڑ، چودھری بلال اصغر، عمران گورایہ، چیف سیکرٹری اور متعلقہ حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔

صفحہ نمبر 06

وسیع مواقع موجود ہیں، جس کی تیز تر ترقی کیلئے مزید اقدامات کئے جانے چاہئیں۔ایوان صدر میڈیا ڈنگ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق گلگت بلتستان اسمبلی کے ممبران سے ملاقات کے دوران صدر مملکت نے کہا کہ ایک اچھی حکومت کی یہ پہچان ہے کہ وہ ترقی کے سفر میں تیزی سے آگے بڑھتی ہے۔ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ میں پاکستان کی ترقی کے بارے میں پر امید ہوں، کورونا وائرس کی وبا میں بھی ہم نے دنیا کے کئی ممالک سے زیادہ ترقی کی ہے، ہم میں ہر لحاظ سے آگے بڑھنے کی صلاحیت موجود ہے اور ملک کا مستقبل روشن ہے۔صدر مملکت نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان میں سیاحت اور دیگر میدان میں وسائل کے مقابلے میں ہنرمند افراد کی قلت ہے۔اس لئے ان وسائل کو موثر طریقے سے بروئے کار لانے اور علاقے کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے زیادہ سے زیادہ ہنرمند افراد کی ضرورت ہوگی۔بلتستان یونیورسٹی کے وائس چانسلر کی تعیناتی سے متعلق صدر مملکت نے کہا ہے کہ علاقے میں معیاری تعلیم فراہم کرنے اور یونیورسٹی میں پیشہ ورانہ قیادت کو یقینی بنانے کے لیے انتہائی قابل، اہل اور موزوں شخصیت کی تقرری کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ اعلی تعلیم کے فروغ کے لیے گلگت بلتستان کے دوسرے اضلاع میں بھی ممبران کے مطالبات کو مدنظر رکھتے ہوئے قراقرم یونیورسٹی اور بلتستان یونیورسٹی کے کیمپس قائم کئے جائیں گے۔صدر مملکت نے گلگت بلتستان کی ترقی کے لیے ضروری وسائل کی فراہمی کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ ملاقات میں وزیر اعلی گلگت بلتستان اور گلگت بلتستان اسمبلی کے ممبران جن میں حکمران اور اپوزیشن جماعتوں کے ممبران بھی موجود تھے۔

صفحہ نمبر 07

سفیر مسعود خان سے ریل لمیٹڈ ویبٹیک کے وفد نے ملاقات کی، جس میں کمپنی کی جانب سے پاکستان ریلوے نظام میں جدت لانے کے لیے معاونت کی پیش کش کی گئی۔ویبٹیک کے وفد کی جانب سے پاکستان کے ریلوے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے ، انجنوں کی ضروریات پوری کرنے ، پاکستان میں اپنی کاروباری سرگرمیوں، تجربات، پاکستان ریلویز کے ساتھ مختلف امور میں تعاون اور مستقبل کے لائحہ عمل سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ملاقات میں کمپنی کے نمائندوں نے ریل انجنوں کی تیاری کے حوالے سے کمپنی کی خصوصی استعداد کار، خصوصاً ڈیجیٹلائزیشن، کنٹرول اینڈ سیفٹی، سگنل ٹریفک اور فیول کی بچت سے متعلق ہائبرڈ ٹیکنالوجی متعارف کرائے جانے کے حوالے سے بھی آگاہ کیا۔وفد نے بتایا کہ اب تک کمپنی کی جانب سے پاکستان ریلویز کو 153 انجن فراہم کیے جا چکے ہیں۔ اس کے ساتھ ان انجینئرنگ اور سروسز کے شعبے میں بھی فراہم کردہ تعاون پر بات چیت کی گئی۔ پاکستانی سفیر مسعود خان نے ویبٹیک کی جانب سے پاکستان ریلویز کے ساتھ تعاون کو سراہا۔سفیر پاکستان کا وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا کہ پاکستان میں ریلوے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور مقامی سطح پر ریل انجنوں کی تیاری، مرمت و دیگر متعلقہ سروسز کی فراہمی کے ضمن میں بین الاقوامی سرمایہ کاروں اور ریل کمپنیوں کے لیے سرمایہ کاری کے بے انتہا مواقع پیدا ہوئے ہیں۔ریلوے نظام کو جدید بنانے کے ضمن میں ہم ویبٹیک کے تجربات اور صلاحیتوں سے استفادہ کرنے کے خواہاں ہیں۔نقل وحمل کے نظام میں ریلویز کی کلیدی اہمیت اور ترقی پذیر معیشت کی ضروریات نے ریلوے سیکٹر کے مختلف شعبوں میں نئے مواقع کو جنم دیا ہے۔ ملاقات میں وفد کی جانب سے پاکستان ریلویز کے ساتھ جاری تعاون کو مزید بڑھانے اور انجنوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے حوالے سے معاونت کی پیش کش کی گئی، جس کا سفیر پاکستان نے خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پاکستان سرمایہ کاروں اور پاکستان میں بزنس کرنے کی خواہشمند کمپنیوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے حوالے سے پر عزم ہے۔

صفحہ نمبر 08

بینسٹل کوآپریشن ریوگروپ (آئی سی آر جی) کی پاکستان کے 2018 اور 2021 کے ایکشن پلان کے حوالہ سے تجاویز کا جائزہ لیا گیا۔ ہفتہ کو یہاں میڈیا بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر مملکت حنا ربانی کھر نے کہا کہ 2018 کے ایکشن پلان کے حوالہ سے ایف اے ٹی کو بھیجی گئی گیارہویں رپورٹ کا جائزہ لیا گیا، انہوں نے کہا کہ ایف اے ٹی نے متفقہ طور پر تسلیم کیا کہ پاکستان کی جانب سے تمام ایکشن آئٹمز پر عملدرآمد کیا جا چکا ہے اور 2018 کے ایکشن پلان پر پاکستان کی جانب سے مکمل عملدرآمد کے بعد اس کو بند کیا جاتا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ 2021 کا ایکشن پلان زیادہ تر منی لانڈرنگ کے مسائل سے متعلق تھا اور اس پر پاکستان نے تین پراگریس رپورٹس جمع کروائی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے بتاتے ہوئے خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ پاکستان نے ایکشن پلان کے تمام تر سات پوائنٹس کو دیئے گئے وقت سے ایک سال پہلے مکمل کر لیا ہے، جس میں پاکستان نے اے ایم ایل/سی ایف ٹی کے حوالہ سے جامع ریفارمز اور اقدامات کو یقینی بنایا۔ وزیر مملکت نے کہا کہ پاکستان کے مثبت اور تیز تر اقدامات کو ایف اے ٹی ایف کے تمام ارکین نے بھرپور انداز میں سراہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایف اے ٹی ایف نے تسلیم کیا ہے کہ پاکستان نے دونوں ایکشن پلان کو مکمل کر لیا ہے، اے ایم ایل/سی ایف ٹی سسٹمز کو بہتر بنانے کے حوالہ سے ہماری بہترین کاوشوں اور عزم کو تسلیم کیا گیا ہے۔ایف اے ٹی ایف کے اجلاس کے دوران جامع اور بامعنی گفت وشنید کے بعد ایف اے ٹی ایف نے متفقہ طور پر فیصلہ کیا کہ پاکستان نے تمام ٹیکنیکل بینچز مارکس کو کامیابی سے مکمل کیا ہے اور دونوں ایکشن پلانز کے حوالہ سے ہماری تمام ضروریات کو مکمل کر لیا ہے۔اس شاندار کامیابی کے بعد ایف اے ٹی ایف نے تکنیکی ٹیم کے دورہ پاکستان کی منظوری دی ہے تاکہ موقع پر اصلاحات پر عملدرآمد کے طریقہ کار کا جائزہ لیا جا سکے۔ ایف اے ٹی ایف کے ایکشن پلانز کی کامیابی تکمیل اور ایف اے ٹی ایف کی جانب سے پاکستانی اقدامات کو تسلیم کرتے ہوئے ایف اے ٹی ایف نے کہا ہے کہ پاکستان گرے لسٹ سے نکلنے کیلئے ایک قدم کی دوری پر ہے۔حنا ربانی کھر نے کہا کہ موقع پر موجود اقدامات کے جائزہ کے حوالہ سے ایف اے ٹی ایف کی تکنیکی ٹیم کا دورہ باضابطہ طریقہ کار کے تحت ضروری ہے، جس کے بعد پاکستان ایف اے ٹی ایف کی گرے لسٹ سے باقاعدہ طور پر نکل جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایف اے ٹی ایف کے ساتھ باہمی مشاورت کے ذریعے متفقہ مناسب تاریخوں کا جائزہ لے رہے ہیں تاکہ اکتوبر 2022 ایف اے ٹی ایف کے آئندہ اجلاس سے قبل تکنیکی ٹیم کے دورہ کے انتظامات کو جلد از جلد حتمی شکل دی جا سکے۔انہوں نے کہا کہ اجلاس کے دوران ایف اے ٹی ایف کے ساتھ سائیڈ لائنز ملاقاتوں میں ہم نے بین الاقوامی معیارات کے مطابق اے ایم ایل/سی ایف ٹی فریم ورک کے حوالہ سے پاکستان کی اعلیٰ سیاسی قیادت کے عزم کا اعادہ کیا ہے، ہم نے قومی اداروں میں بہتری کیلئے پاکستان میں ہونے والے قومی اتفاق رائے کو بھی اجاگر کیا ہے۔ وزیر مملکت برائے خارجہ نے کہا کہ پاکستان بین الاقوامی برادری اور ایف اے ٹی ایف کے ساتھ تعاون کا اعادہ کرتا ہے جو ہماری معیشت کے استحکام کے تزویراتی مقاصد اور بین الاقوامی مالیاتی نظام کو مزید مربوط اور بہتر بنانے کیلئے ضروری ہے۔انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ فیٹف کی جانب سے اس اچھی خبر کے بعد ہماری معیشت پر اعتماد بحال ہوگا اور اس کی انتہائی ضروری ترقی سمیت ملک میں سرمایہ کاری کے ماحول میں بھی بہتری آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ گرے لسٹ سے اخراج کے حوالہ سے ہماری مختلف ٹیموں کی شبانہ روز کاوشوں کو تسلیم کرنا بھی ضروری ہے جن کی مدد سے ہم اپنے مقاصد حاصل کر سکیں اور ایف اے ٹی ایف کے ایکشن پلانز کو مکمل کیا جا سکا انہوں نے کہا کہ یہ پورے ملک، مختلف وزارتوں، شعبوں اور ایجنسیوں سمیت حکومت نے تمام شعبوں میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے تاکہ قومی مقصد کو حاصل کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی مقصد کے حصول کے لئے متحد ہو کر کام کرنے سے بہترین نتائج حاصل ہو سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس موقع پر میں اپنے بین الاقوامی شراکت داروں اور دوستوں کے تعاون پر شکر گزار ہوں جنہوں نے اس سارے عمل کے دوران ہماری بھرپور معاونت کی۔حنا ربانی کھر نے کہا کہ اللہ تعالی کے فضل وکرم سے پاکستان نہ صرف مستقبل میں اصلاحات پر جامع عملدرآمد کو یقینی بنائے گا بلکہ اس حوالہ سے دیگر ممالک کو تکنیکی معاونت اور رہنمائی بھی فراہم کر سکتا ہے۔انہوں نے یقین دلایا کہ ہم ایف اے ٹی ایف کی تکنیکی ٹیم کے دورہ پاکستان کیلئے مکمل تیار ہونگے اور ان شا اللہ بہت جلد پاکستان گرے لسٹ نکل جائیگا۔

صفحہ نمبر 09

اشیا کی درآمد پر پابندی اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافے کے بعد اسمگلنگ بڑھنے کے خدشات پیدا ہو گئے ہیں۔محکمہ کسٹمز کی جانب سے حکام کو الرٹ جاری کیا گیا ہے، جس میں بتایا گیا ہے کہ ایک ہمسایہ ملک سے بلوچستان کے راستے اسمگلنگ بڑھنے کا خدشہ ہے۔کسٹم ذرائع کے مطابق رواں مالی سال کے دوران محکمہ نے 61 ارب روپے مالیت کا اسمگل شدہ سامان پکڑا ہے، جس میں 2 ارب روپے کی اسمگل شدہ چھالیہ اور 84 کروڑ روپے مالیت کی گندم قبضے میں لی گئی ۔کسٹم ذرائع کے مطابق 6 ارب روپے مالیت کی 5511 نان کسٹم پیڈ گاڑیاں، 6 ارب مالیت کا 31 لاکھ مالیت کا کپڑا پکڑا گیا۔کپڑا، آٹو پارٹس، ٹائرز، چھالیہ، چائے کی پتی، الیکٹرانکس کا سامان اور نان کسٹم پیڈ گاڑیاں زیادہ اسمگل کی جاتی ہیں۔ذرائع کے مطابق موجودہ معاشی صورتحال سے فائدہ اٹھانے کے لیے اسمگلر گروپس دوبارہ منظم ہونے کی کوشش کر رہے ہیں۔ محکمہ کسٹمز نے گزشتہ ڈیڑھ برس میں اسمگلنگ کے منظم گروہوں کا نیٹ ورک توڑ دیا تھا، تاہم ڈالر کی قدر بڑھنے سے اسمگلنگ کے منافع اور مواقع میں اضافہ ہو رہا ہے۔

صفحہ نمبر 10

بیشتر علاقوں میں بادل کھل کر برس پڑے، بارش سے گرمی کا زور ٹوٹ گیا، محکمہ موسمیات نے مزید بارشوں کی پیش گوئی کر دی۔لاہور اور اسلام آباد میں برسات سے پہلے ہی بادل کھل کر برسنے لگے، 24 گھنٹے کے دوران لاہور ایئرپورٹ کے علاقے میں پورے ملک میں سب سے زیادہ 107 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی، اسلام آباد میں گولڑہ کے مقام پر 44 ملی میٹر بارش ہوئی۔محکمہ موسمیات کے مطابق اسلام آباد میں مطلع جزوی ابر آلود رہنے کے علاوہ تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی بھی توقع ہے، لاہور میں بھی دن بھر بادلوں اور سورج کی آنکھ مچولی جاری رہے گی۔کراچی شہر کے مختلف علاقوں میں ہلکی بارش ہوئی ہے، بارش سے موسم خوشگوار ہو گیا، آئی آئی چندریگر روڈ، صدر، گارڈن اور صدر اولڈ سٹی ایریا میں ہلکی بارش سے موسم خوشگوار ہو گیا ہے، محکمہ موسمیات کے مطابق کراچی میں مزید بارش کا امکان ہے۔بلوچستان کے علاقے کوہلو میں گزشتہ شام سے رات گئے تک مختلف علاقوں میں موسلا دھار بارش ہوئی، تحصیل ماوند اور گردونواح کے پہاڑی علاقوں میں بارشوں سے ندی نالوں میں سیلابی صورتحال پیدا ہو گئی۔ملک بھر کی طرح صحرائے چولستان میں بھی بادل برسے، چولستان میں خشک سالی کے بعد پہلی بارش ہوئی ہے، شدید گرمی کی وجہ سے چولستانی باشندوں کے جانور مر رہے تھے، چولستانی باشندے پانی کی بوند بوند کو ترس گئے تھے، صحرائے چولستان میں بارش کے بعد چولستانیوں کے چہرے خوشی سے کھل اٹھے۔ممکنہ بارشوں اور موسمی حالات کے باعث گلگت بلتستان میں سیلابی صورتحال کا خدشہ ہے، این ڈی ایم اے نے ایڈوائزری جاری کر دی ہے، این ڈی ایم اے نے گلگت بلتستان میں متعلقہ محکموں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایات جاری کی ہیں۔

صفحہ نمبر 11

نئے ڈی ایس پی کی تعیناتی یہاں عمل میں نہ آئی ہے۔جس سے سائلین کو سخت مشکلات کا سامنا ہے۔شہریوں محمد آفتاب احمد، عبدالستار، خلیل احمد بلوچ، محمد خالد، نے آئی جی پولیس سے مطالبہ کیا ہے کہ یہاں جلد از جلد اس سیٹ پر تعیناتی عمل میں لائی جائے۔اور یہاں ڈی ایس پی کی بجائے اے ایس پی کو تعینات کیا جائے۔اے ایس پی کی تعیناتی سے نہ صرف یہاں کے رہنے والوں کا دیرینہ مطالبہ پورا ہوگا۔ بلکہ کرائم کی صورت حال کو بھی بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔

صفحہ نمبر 12

میں اس منصوبے کو بہت اہمیت کا حامل قرار دیا۔ انہوں نے اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور کو آزمائشی بنیادوں پر موسمیاتی ٹیکنالوجی نظام کے منصوبے پر عملدرآمد کی اجازت دے دی۔انہوں نے کہا کہ مصنوعی بارش کے اس منصوبے کو لاہور میں بھی سموگ کے خاتمے کے لیے بھی آزمایا جائے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ اس منصوبے پر عملدرآمد سے چولستان میں بارش کی شرح میں 500 ملی میٹر تک اضافہ ہوگا جس سے 6.5 ملین ایکٹر رقبے پر خصوصی ایگرو اکنامک زون قائم ہو سکے گا۔اس منصوبے سے چولستان میں زمین کی آبادکاری کے ساتھ ساتھ لائیو سٹاک میں بھی خاطر خواہ اضافہ ہوگا۔ اس منصوبے سے ملکی معیشت کو 10 ارب ڈالر کا فائدہ پہنچے گا اور چولستان کے مقامی باشندے خوشحال ہوں گے۔اس موقع پر وزیراعلی پنجاب کی جانب سے اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور کے وائس چانسلر انجینئر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب اور سائنسدانوں کو قومی اہمیت کا منصوبہ پیش کرنے پر سراہا گیا۔

صفحہ نمبر 13

مطابق عوام کو ریلیف فراہم کرنے کی بجائے مہنگائی میں ہوش ربا اضافہ کر رہی ہے۔مرکزی رہنما تحریک انصاف وامیدوار ایم این اے حلقہ این اے 164 حاجی چوہدری نعیم الدین وڑائچ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا علاقہ ایک عرصہ سے پسماندگی کا شکار چلا آ رہا ہے۔لاکھوں افراد کی آبادی بنیادی سہولتوں سے محروم ہے۔عوام کو سبز باغ دکھانے والے بڑے منصوبوں کا اعلان کرنے والے آج تک مختار آباد کے قریبن تارکول کا چند فٹ کا روڑ مرمت نہیں کرا سکے۔انہوں نے کہا کہ عوام اب بے حد سیاسی شعور کی مالک ہے۔کسی کے سیاسی چکر میں نہیں آئے گی۔وڑائچ گروپ عملی طور پر عوام کی بے لوث خدمت کر رہا ہے۔ماہ اکتوبر میں ہم مذید دوسو غریب گھرانوں کی بچیوں کی شادیاں کرا رہے ہیں۔اپنے ذاتی مفادات کی خاطر عمران خان کا ساتھ چھوڑنے والے لوٹے گھر تک محدود ہو چکے ہیں۔عوام عام الیکشن میں لوٹوں کو مسترد کر دے گی۔انہوں نے کہا کہ حلقہ کی عوام میرے ساتھ ہے۔عوام نے مجھے خدمت کا موقع دیا تو تمام علاقوں میں بلا امتیاز تبدیلی لاوں گا۔نوجوان نسل میرا ساتھ دے۔اس موقع پر علاقہ کے متعدد سیاسی گروپوں نے چوہدری نعیم الدین وڑائچ کی حمایت کا اعلان کیا

صفحہ نمبر 14

ظلم برداشت نہیں کرینگے، کل کے احتجاج میں قوم کے ساتھ ملکر آئندہ کے لائحہ عمل کا فیصلہ کریں گے۔چیئرمین تحریک انصاف کی زیر صدارت جماعتی ترجمانوں کا اہم اجلاس ہوا، اجلاس کے دوران فیٹف سے نکلنے کیلئے بھرپور محنت کرنے اور پاکستان کو بہ سنگ میل دلوانے پر سابق وفاقی وزیر حماد اظہر کو مبارکباد دی گئی اور فیٹف رابطہ کمیٹی کے اراکین اور افسران کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔اجلاس کے دوران امپورٹڈ سرکار کی جانب سے معیشت کی تباہی اور عوام پر مہنگائی کا عذاب مسلط کرنے اور بجلی، تیل، گیس کی قیمتوں میں ملک گیر احتجاج پر بھی غور کیا گیا۔اجلاس کے دوران بغیر تیاری محض اپنی چوری بچانے کیلئے سازش سے اقتدار کا رستہ بنانے والوں کی جانب معیشت کی تباہی پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ سازش سے مسلط نااہل، ناکارہ، نالائق، بے حس اور ظالم حکومت کی جانب سے اداروں کی تباہی پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا۔اجلاس میں کراچی میں ضمنی انتخابات سے عوام کی مکمل لاتعلقی اور ساکھ کے حامل پرامن انتخاب کے انعقاد میں الیکشن کمیشن کی ناکامی پر بھی گہری تشویش کا اظہار کیا گیا۔اپوزیشن حکومت کی جانب سے بجٹ میں قبائلی اضلاع کے بجٹ میں 21 ارب کی کٹوتی اور قبائلی اضلاع کے 50 لاکھ شہریوں کو تحریک انصاف کے فراہم کردہ صحت کارڈ سے محروم کرنے کی اطلاعات پر بھی شدید تشویش کا اظہار کیا گیا۔اس دوران فاٹا کے انضمام کو رول بیک کرنے کی سازش کا بھی جائزہ لیا گیا اور ایسی ہر کوشش کی بھرپور مزاحمت کا فیصلہ کیا گیا۔اجلاس کے دوران کرپٹ بھگوڑے لیڈر کی سرپرستی میں حکومتی سطح پر سرکاری وسائل سے سماجی بہبود کے صفِ اول کے اداروں کیخلاف پراپیگنڈہ مہم کی بھی شدید مذمت کی گئی۔اجلاس کے دوران عمران خان نے کہا کہ وبا اور عالمی مہنگائی کے سامنے تحریک انصاف کی حکومت ڈھال بن کر اپنے لوگوں کو بچا رہی تھی، لٹیروں نے اپنی تجوریاں بچانے کیلئے ملک گروی رکھ کر عوام پر مہنگائی کا عذاب نازل کر دیا، اپنی جائیدادیں باہر رکھنے والوں کو عوام کی مشکلات، ملک کے مستقبل کی کوئی فکر نہیں۔سابق وزیراعظم نے کہا کہ تحریک انصاف اپنے لوگوں پر دن دیہاڑے ظلم برداشت نہیں کرے گی۔کل کے احتجاج میں قوم کے ساتھ ملکر آئندہ کے لائحہ عمل کا فیصلہ کریں گے، ظالم جبر اور طاقت سے عوام کو اپنے حق کیلئے آواز بلند کرنے سے نہیں روک سکتے، پچھلے دو ماہ کے واقعات نے سازش کے ہر کردار اور اس کے اہداف پوری طرح آشکار کئے، بغیر تیاری کے سازش سے حکومت پر قابض ہونے والا لشکر اپنی چوری بچانے کیلئے قوم کا مستقبل داؤ پر لگا رہا ہے۔ خود کو اقتدار میں رکھنے کیلئے اداروں کو بدترین تباہی سے دوچار کیا جا رہا ہے، تنبیہ کی تھی کہ سنبھلتی معیشت کو عدم استحکام سے دوچار کیا گیا تو حالات بے قابو ہوں گے۔

صفحہ نمبر 15

متعلقہ محکمہ جات کے افسران، کھلاڑی اور شائقین کھیل کثیر تعداد میں موجود تھے۔کمشنر بہاول پور ڈویژن نے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بہاول پور ڈویژن کے سپوتوں نے ہمیشہ ملکی اور بین الاقوامی سطح پر ملک وملت کا نام روشن کیا ہے۔ان کے پوشیدہ ٹیلنٹ کو نکھارنے اور کھیلوں سے وابستہ ہر قسم کی سہولیات کی فراہمی کے لئے تمام تر اقدامات بروئے کار لائے جائیں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ انہیں افتتاحی تقریب میں شرکت کے موقع پر نوجوانوں کا جوش وخروش دیکھ کر بہت خوشی محسوس ہوئی ہے اور یہ بات اس کا واضح ثبوت ہے کہ ہمارے نوجوان درست سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کے لئے اس طرح صحتمندانہ اور شاندار ایونٹ کے انعقاد پر منتظمین مبارکباد کے مستحق ہیں۔کمشنر بہاول پور ڈویژن نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مستقبل میں بھی اس طرح کے ٹورنامنٹس منعقد کرائے جائیں گے۔ دریں اثنا ساتھ پنجاب انٹر ڈسٹرکٹ فٹ بال ٹورنامنٹ کی وننر اور رنر اپ ٹرافیوں کی رونمائی بھی کی گئی۔یاد رہے کہ ساتھ پنجاب انٹر ڈسٹرکٹ فٹ بال ٹورنامنٹ میں جنوبی پنجاب کی 12 فٹ بال ٹیمیں شرکت کر رہی ہیں۔فٹ بال ٹورنامنٹ کا افتتاحی میچ ضلع رحیم یار خاں اور ضلع راجن پور کے مابین کھیلا گیا جو ضلع رحیم یار خاں کی ٹیم نے صفر کے مقابلے میں تین گول سے جیت لیا۔

صفحہ نمبر 16

کے مطابق خانقاہ شریف کے رہائشی 15 سالہ عبداللہ والد سعید احمد کو محمود ولد محمد ریاض چک نمبر 11 بی سی بہلا پھسلا کر ذخیرہ سمہ سٹہ میں لے گیا جہاں وہ اس کے ساتھ زیادتی کرنے میں مصروف تھا کے اچانک محکمہ جنگلات کا ملازم محمد شاہد نے دونوں کو موقع پر پکڑ لیا تھانہ سمہ سٹہ پولیس کے حوالے کر دیا پولیس نے دونوں کے خلاف کاروائی شروع کر دی ہے

صفحہ نمبر 17

محلہ کا واپڈا کے خلاف احتجاج تفصیل کے مطابق صادق امین کالونی کے رہائشی محمد اختر نے بتایا کہ میری 11 سالہ بچی کرن اختر چھت پر گئی ہوئی تھی جو ہمارے گھر کے اوپر سیواپڈا کی جھولتی ہوئی تاریں گزر رہی ہے جو گیارہ ہزار وولٹ کی تاریں گزر رہی ہیں کرنٹ لگنے سے بری طرح جھلس گئیں طبی امداد کے لیے بی وی ایچ ہسپتال منتقل کر دیا ہے اہل محلہ نے واپڈا کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے بتایا کہ پہلے بھی اس طرح ایک بچے کو کرنٹ لگا تھا جس سے وہ معذور ہو چکا ہے یہ دوسرا وقوع ہو رہا ہے واپڈا دفتر متعدد بار شکایات درج کرائیں لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی اعلی واپڈا حکام اور وزیراعلی پنجاب سے اپیل کرتے ہیں کہ ہمارے گھروں کے اوپر سے واپڈا کی گیارہ ہزار وولٹ کی تاریخ بتائیں جائیں تاکہ مزید کوئی جانی نقصان نہ ہو

صفحہ نمبر 18

غلام شبیر، سید خواجہ سہیل عباس، سردار اسماعیل خان کھوارا، عمران دانش بڈانی، ملک الیاس مڑل، عنصر خان مستوئی دیوان ذیشان حیدر پاشا، اور ملک صدام آرائیں سمیت صحافیوں، وکلا اور معززین علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی اس موقع پر دیوان گل حسن بخاری نے خصوصی خطاب کرتے ہوئے موت وحیات کے فلسفہ پر روشنی ڈالی جبکہ آخر میں علامہ سراج احمد سعیدی نے مرحوم کے درجات کی